# Gap Inc.

# فروخت کنندہ کے لیے ضابطہ اخلاق

## فروخت کنندہ کے لئے اس ضابطہ اخلاق کااطلاق ان تمام فیکٹریوں پرہوتاہے جو Gap Inc. یا اس کے کسی بھی ذیلی ادارے، ڈویژن، ملحق ادارے یا ایجنٹوں کے لئے سامان تیار کرتے ہیں۔

یوں تو Gap Inc. اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ بہت سے ایسے مختلف قانونی اور ثقافتی ماحول موجود ہیں جن میں رہتے ہوئے ہی فیکٹریاں پوری دنیا میں کام کرتی ہیں، مگر اس ضابطے سے ایسے بنیادی تقاضوں کا تعین ہوتا ہے جن کی تکمیل Gap Inc. کے ساتھ کاروبار کرنے کے لیے تمام فیکٹریوں کو بہر حال لازمی ہے۔ یہ ضابطہ بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ مزدوری کے معیارات پر مبنی ہے، جس میں بین الاقوامی مزدور تنظیم (ILO) کے اساسی کنونشنز اور حقوق انسانی کا عالمی منشور شامل ہیں۔ اس ضابطے سے فیکٹری کے ملازمت کے طریقہ کار اور ماحولیات کی تعمیل کے ضمن میں Gap Inc. کی موجودہ تشخیص کی بنیاد فراہم ہوتی ہے۔

## I. قوانین کی تعمیل

Gap Inc. کے لیے کام کرنے والی فیکٹریاں اپنے متعلقہ ممالک کے قوانین اور تمام قابل اطلاق قوانین، اصول و ضوابط پر پوری طرح سے کاربند رہتے ہوئے کام کریں گی ۔ Gap Inc. کے ساتھ کام کرنے کی ایک شرط کے طور پر، ہر ایک فیکٹری کو فروخت کنندہ کے اس ضابطہ اخلاق کی بہر حال تعمیل کرنی چاہیے۔ Gap Inc. تعمیل حکم کی تشخیص کرنے اور اسے یقینی بنانے کے لیے نگرانی کے انتظامات کرتا رہے گا۔ جہاں پر مقامی قانون اور Gap Inc. COVC کے تقاضوں میں اختلاف ہو، تو زیادہ سخت تقاضوں کا اطلاق ہو گا۔ ڈیلر اور فروخت کنندہ کے ملحقین اشیاء کی صنعتکاری کے لیے صرف Gap Inc. کی منظور شدہ فیکٹریاں استعمال کریں گے۔ فروخت کنندہ کو چاہیے کہ صنعتکاری کی شروعات سے قبل Gap Inc. سے تحریری اجازت حاصل کرے۔

## II. ماحول

فیکٹریاں ماحول سے متعلقہ تمام قابل اطلاق قوانین و ضوابط کی تعمیل کریں گی ۔ فیکٹریاں ماحول پر اپنے اثر کا انتظام لازمی کریں، جس میں توانائی اور گرین ہاوس گیس (GHG) کا اخراج، ہوائی آلودگی (ہوا میں اخراج)، پانی کا استعمال، پانی کا معیار، گندا پانی، فضلے کی تبدیلی اور تلفی اور کیمیکل کا استعمال اور بندوبست شامل ہے۔

## III. مزدوری

### A. بچوں سے مشقت

فیکٹریاں صرف ایسے کارکنان کو ملازمت پر رکھیں گی جو عمر کے سلسلے میں قابل اطلاق کم از کم قانونی تقاضے کی تکمیل کرتے ہیں یا ان کی عمر کم از کم 15 سال ہو یا جو بھی دونوں میں زیادہ ہو۔ فیکٹریوں کو بچوں سے مشقت کے دیگر تمام قابل اطلاق قوانین کی بھی بہر حال تعمیل کرنی چاہیے۔ کارخانوں کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ اپنے کارکنوں کے تعلمی فوائد کے لیے قانونی طور پر قابل عمل اپرنٹس پروگرام کا انعقاد کریں بشرطیکہ ان میں حصہ لینے والے تمام شرکاء ان دونوں تقاضوں پر پورا اتریں یعنی کم از کم عمر 15 سال اور عمر سے متعلق دوسری قانونی ضروریات پوری کرتے ہوں۔

### B. غیر ملکی مزدوروں کے تقاضے (اگر قابل اطلاق ہو)

ایسی فیکٹریاں جو غیر ملکی معاہدہ بند کارکنوں کو بھرتی کرتی یا ملازمت پر رکھتی ہیں وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ان کے کارکنان کے ساتھ منصفانہ اور اس کے مقامی کارکنوں کے ساتھ مساوی سلوک ہوتا ہے۔ تارکین وطن کارکنان کسی بھی قسم کی جبری، لازمی، بندوا یا معادہ بند مزدوری کا شکار نہیں ہوں گے۔ تمام کارکنان لازمی طور پر رضا کار ہوں گے اور کارکنان کسی بھی وقت، بغیر کسی جرمانے کے، اپنی ملازمت ختم کرنے میں آزاد ہوں گے۔ تارکین وطن کارکنان (یا ان کے اہل خانہ) کو ملازمت لینے پر مجبور کرنے کے لیے یا کسی بھی وقت، بغیر جرمانہ کے، انہیں رضاکارانہ طور پر ملازمت ختم کرنے سے باز رکھنے کے لیے سرکاری اداروں کو مخبری کرنے کی دھمکی نہیں دی جائے گی ۔

### C. امتیازی سلوک

فیکٹریاں کارکنوں کے کام کرنے کی صلاحیت کی بنا پر نوکری دیں گی نہ کہ ان کی ذاتی خصوصیات یا عقیدوں کی بنا پر۔

### D. جبری مزدوری

فیکٹریاں کسی بھی قسم کی غیر رضاکارانہ مزدوری استعمال نہیں کریں گی، بشمول قید کی مزدوری، قرض کی بندش، غلام کی مزدوری یا حکومتوں کی جانب سے جبری مزدوری کے۔

### E. وابستگی کی آزادی اور اجتماعی سودے کاری کا حق

کارکنان اپنی پسند کی تنظیموں میں شامل ہونے کو آزاد ہیں۔ فیکٹریاں ایسے کارکنان کے ساتھ کسی طرح کی دخل اندازی نہیں کریں گی جو قانونی طور پر اور پر امن طریقے سے وابستگی اختیار کرنا، منظم ہونا یا اجتماعی طور پر سودا کاری کرنے کے خواہاں ہوں۔ ایسا کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کلی طور پر کارکنوں کے ذریعہ کیا جانا چاہیے۔

### F. انسانی سلوک

فیکٹریاں تمام ملازمین کے ساتھ احترام اور وقار کا سلوک کریں گی ۔ فیکٹریاں جسمانی سزا یا جسمانی یا نفسیاتی اذیت کی کسی اور شکل کا استعمال نہیں کریں گی ۔

### G. اجرتیں اور وظائف اور ملازمت کی شرائط

فیکٹریاں اجرتیں اور اضافی اوقات کے معاوضے تمام قابل اطلاق قوانین کے مطابق ادا کریں گی ۔ کارکنوں کو کم از کم قانونی اجرت یا مقامی صنعتی قوانین پر پورا اترنے والی اجرت، جو بھی زیادہ ہو، ادا کی جائے گی ۔ فیکٹریوں کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ اپنے کارکنوں کو اتنی اجرت اور وظائف دیں جو ان کی بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی ہوں اور کچھ رقم صوابدید کے مطابق مہیا کریں۔

### H. کام کرنے کے اوقات

فیکٹریاں تمام قابل اطلاق قوانین کے مطابق کام کرنے کے اوقات کا تعین کریں گی ۔ چونکہ یہ بات معلوم ہے کہ ملبوسات کی تیاری کے لیے اضافی وقت میں کام کرنا ضروری ہوتا ہے، اس لیے فیکٹریاں ایسے انداز میں کام کریں گی کہ اضافی اوقات کو اس طرح کنٹرول کیا جائے کہ کام کا ماحول انسانی صنف، بامعنی عملی صورتحال کے مطابق ہو۔

## IV. کام کرنے کی صورتحال

### A. پیشے کے اعتبار سے صحت اور تحفظ

فیکٹریاں کام کرنے کی صورتحال کے سلسلے میں تمام قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کی تعمیل کریں گی اور کارکنان کو ایک محفوظ اور صحتمند ماحول فراہم کریں گی ۔

### B. رہائش گاہ (اگر قابل اطلاق ہو)

جو فیکٹریاں کارکنان کے لیے رہائش فراہم کرتی ہیں وہ ان سہولیات کو صاف ستھرا اور محفوظ رکھیں گی ۔

## V. انتظامی نظام

فیکٹریاں قابل اطلاق قوانین، ضوابط اور COVC کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے مناسب آپریشنل کنٹرولز کے ساتھ پائیدار انتظامی نظام ترتیب دیں گی ۔ انتظامی نظام پائیداری کے خطرات کی نشاندہی اور انہیں کنٹرول کریں گے اور مسلسل پیش رفت کے لیے سہولیات فراہم کریں گے۔

GAP BANANA REPUBLIC OLD NAVY ATHLETA